## کارکنان خدانخواستہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں امدادی سرگرمیوں کیلئے خودکوذہنی اور جسمانی طور پر تیار رکھیں،الطاف حسین

## اللہ تعالیٰ پاکستان اوراس کے عوام کو ہرقسم کی ناگہانی آفات سے محفوظ رکھے

## اسلام آبادسمیت پاکستان کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے شدید جھٹکوں پرالطاف حسین کا اظہارتشویش

## ایم کیوایم اسلام آباداورراولپنڈی کے آرگنائزرزاہدملک سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔11،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آبادسمیت ملک کے مختلف حصوں میں زلزلہ کے شدید جھٹکوں کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور امدادی سرگرمیوں کیلئے خودکو ذہنی اور جسمانی طور پر تیار رکھیں۔ جناب الطاف حسین نے لندن وقت کے مطابق رات 11 بجے اور پاکستانی وقت کے مطابق رات 3 بجے اسلام آباد، راولپنڈی، ہزارہ ڈویژن، پشاوراور ملک کے دیگر علاقوں میں زلزلہ کے شدید جھٹکوں کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم اسلام آباداورراولپنڈی کے آرگنائزرزاہدملک کوفون کر کے تفصیلات معلوم کیں۔انہوں نے زلزلہ کے شدید جھٹکوں پراپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے کہا کہ وہ حالات پرنظر رکھیں اور خدانخواستہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اوران کی امداد کیلئے خودکوذہنی اورجسمانی طور پر تیاررکھیں اورحسب روایت خلق خدا کی خدمت کیلئے امدادی ٹیمیں تشکیل دیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب پر اپنا فضل وکرم فرمائے اور پاکستان اوراس کے عوام کو ہرقسم کی ناگہانی آفات سے محفوظ رکھے۔(آمین)

## جیو نیوز کی نشریات فی الفور بحال کی جائیں،الطاف حسین

## جیو ٹی وی کی نشریات بندکرنا آزادی صحافت کا گلاگھونٹنے کے مترادف ہے

## سپریم کورٹ کے حکم کے باوجودنشریات بندکرنا عدالتی حکم کی صریحاً خلاف ورزی ہے

لندن۔۔۔11،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جیو کی نشریات کی بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس عمل کو آزادی صحافت کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود جیو ٹی وی کی نشریات بند کرنا نہ صرف عدالتی حکم کی صریحاً خلاف ورزی ہے بلکہ یہ عمل توہین عدالت کے زمرے میں بھی آتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں آزادی صحافت کا احترام کیا جاتا ہے اور جیو کی نشریات بند کرنا آزادی صحافت کا گلا گھونٹنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ جیو ٹیلی ویژن کی نشریات کی بندش کا فوری نوٹس لیکر نشریات فی الفور بحال کی جائیں اوراس عمل میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## اے آر وائی کی نشریات فی الفور بحال کی جائیں،الطاف حسین

## اے آر وائی کی نشریات بندکرنا آزادی صحافت کا گلاگھونٹنے کے مترادف ہے

## سپریم کورٹ کے حکم کے باوجودنشریات بندکرنا عدالتی حکم کی صریحاً خلاف ورزی ہے

لندن۔۔۔11،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر وائی کی نشریات کی بندش کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس عمل کو آزادی صحافت کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے باوجود اے آر وائی کی نشریات بند کرنا نہ صرف عدالتی حکم کی صریحاً خلاف ورزی ہے بلکہ یہ عمل توہین عدالت کے زمرے میں بھی آتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں آزادی صحافت کا احترام کیا جاتا ہے اور اے آر وائی کی نشریات بند کرنا آزادی صحافت کا گلا گھونٹنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اے آر وائی ٹیلی ویژن کی نشریات کی بندش کا فوری نوٹس لیکر نشریات فی الفور بحال کی جائیں اوراس عمل میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## غریب عوام کے مسائل کا حل ایم کیو ایم کے منشور میں پوشیدہ ہے، سیف الدین خالد، نامزد حق پرست امیدوار پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن اورنگی ٹاؤن میں کارنر میٹنگ سے خطاب اور مختلف برادریوں سے ملاقات

کراچی۔۔۔11، اکتوبر 2010ء

ضمنی الیکشن برائے پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے کہا ہے کہ غریب عوام کے مسائل کا حل ایم کیو ایم کے منشور میں پوشیدہ ہے، غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب ایم کیو ایم کی صورت میں ملک میں دستک دے رہا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد ہی فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام سے نجات کا واحد راستہ ہے۔ یہ بات انہوں نے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں اورنگی ٹاؤن یونٹ 120 میں منعقدہ بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ اپنے خطاب میں سیف الدین خالد نے کہا کہ غریب ومتوسطہ کے مسائل اگر کوئی حل کرسکتا ہے تو وہ انہی میں سے منتخب نمائندے ہیں جنہیں ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے منتخب کروا کر قائد تحریک الطاف حسین نے ملک کے ایوانوں میں بھیجا ہے، انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے عملی طور پر غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے افراد کو ملک کے ایوانوں میں بھیجا ہے جبکہ دیگر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں اس مثبت عمل سے مکمل طور پر عاری ہیں اور ان جماعتوں پر نہ صرف موروثی سیاست غالب ہے بلکہ یہ جماعتیں انتخابی ٹکٹوں کی فروخت کا کاروبار بھی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ ٹکٹ خرید کر صوبائی، قومی اور سینٹ کے ایوانوں میں جاتے ہیں وہ عوام کے مسائل کس طرح حل کرسکتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل وہ ہی حل کرسکتا ہے جو ان مسائل کا شکار رہا ہو اور غریب ومتوسطہ سے تعلق رکھتا ہو۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مہینے پی ایس 94 اورنگی ٹاؤن کی نشست پر ہزاروں ووٹ لیکر منتخب ہونے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر کو دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا جن کا خلاء کبھی پُر نہیں ہوسکتا اور اب اورنگی ٹاؤن کے عوام کو 17، اکتوبر کو ہونے والے ضمنی انتخابات میں اپنے ووٹ کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرکے ایک بار پھر ثابت کرنا ہے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کے خلاف کی جانے والی ہر سازش کو عوامی بیلٹ کی طاقت سے نہ صرف ناکام بنادیں گے بلکہ اس بات کا ثبوت بھی دینگے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے ماننے والے ہیں۔ سیف الدین خالد نے میٹنگ کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 17، اکتوبر کے دن اپنے ووٹ کا حق لازمی استعمال کریں اور ثابت کردیں کہ اورنگی ٹاؤن آج بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پرستاروں کا قلعہ ہے۔ دریں اثناء حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے اورنگی ٹاؤن یونٹ 126 کی ہریانہ کالونی، الصدف کالونی، بسم اللہ کالونی، حسین آباد، الفتح کالونی اور قائم خانی چوک کا دورہ کیا اور مختلف برادریوں اور ان کے معززین، مساجد وامام بارگاہوں کے منتظمین اور تاجروں سے بھی ملاقاتیں کیں اور ان سے تعاون کی اپیل کی۔ اس موقع پر برادریوں کے معززین، امام بارگاہوں کے منتظمین اور تاجر برادری کے رہنماؤں نے انہیں ضمنی الیکشن کے سلسلے میں عوام میں پائے جانے والے جوش وخروش سے آگاہ کیا اور سیف الدین خالد کو اپنی جانب سے ضمنی الیکشن میں بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرانے کی مکمل یقین دہانی بھی کرائی۔

## درگاہ پیر سرھندی کے سجادہ نشین پیر مجدد سرھندی نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں صوبائی وزیر اُمورِ نوجوانان فیصل سبزواری سے ملاقات

## ایم کیو ایم کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی شہادت پر اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔11 اکتوبر 2010ء

درگاہ پیر سرھندی کے سجادہ نشین پیر مجدد سرھندی نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں سندھ اسمبلی میں حق پرست ڈپٹی پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر اُمورِ نوجوانان فیصل سبزواری سے ملاقات کی اور ایم کیو ایم کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی المناک شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کی اور اُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت شہید کے قاتلوں جلد گرفتار کرکے انہیں کیفرِ کردار تک پہنچائے گی۔ انہوں نے شہید کے سوگوار والدین دیگر عزیز اقارب سمیت ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## الطاف حسین مظلوم بلوچ، سندھی، پشتون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ وال، گلگتی اور کشمیری عوام کے مسیحا ہیں

## جنہوں نے حق وسچ کی راہ پر چلتے ہوئے جینے کی راہ دکھائی، میر محمد شفاء شاہوانی کی پریس کانفرنس

## اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان

کوئٹہ۔۔۔11/اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسطہ کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور مظلوم ومحکوم عوام کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے ،قائد جناب الطاف حسین مظلوم ومحکوم عوام کی زندگی میں روشنی کی کرن بن آئے اور جنہوں نے صبر وضبط اور سچائی کی راہ پر چلتے ہوئے ہمیشہ حق وسچ کا ساتھ دیا اور پاکستان کے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام کو جینے کی راہ دکھائی۔ان خیالات کا اظہار بلوچستان کی سماجی شخصیت میر محمد شفاء شاہوانی نے پیر کے روز کوئٹہ شہر میں اپنے درجنوں ساتھیوں کے ہمراہ قائد تحریک الطاف حسین کی والہانہ قیادت پر مکمل اعتماد اور ایم کیوایم کی جدوجہد اور پالیسیوں سے متاثر ہو کر ایم کیوایم میں غیر مشروط شمولیت اعلان کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر بلوچستان کے صوبائی آفس سیکریٹری انتظار حسین ،ضلع آرگنائزر کوئٹہ سٹی سید سلیم اختر ایڈوکیٹ ، رکن ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی محمد نعیم یوسفزئی اور شعیب شاہنوانی بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک رائج فرسودہ نظام کی تبدیلی کیلئے نہ صرف آواز بلند کی بلکہ عملی طور پر جدوجہد بھی کی ۔انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی جیسے مخلص ونڈر رہنماء سے نوازا ہے جس نے ہمیشہ صبر اور سچائی کی راہ دکھائی ہے ،مظلوم ومحکوم عوام ظالموں کے ظلم کی چکی میں پس رہے تھے اور اندھیروں میں بھٹکے ہوئے تھے ایسے میں قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی مظلوم ومحکوم عوام کی زندگی میں روشنی کی کرن بن کر آئے اور انہیں سر اٹھا کر جینے کا طریقہ سکھایا اور اچھے برے کی تمیز کروائی قائد تحریک کی طویل جدوجہد کے بعد ملک میں حق پرستی کا سورج طلوع ہوا اور ظلم کے بھنور میں پھنسے ہوئے 98 فیصد حق پرست عوام کو ظالموں سے آزادی نصیب ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی نے ملک میں رائج فرسودہ جاگیر دارانہ نظام کی تبدیلی کیلئے ناصرف آواز بلند کی بلکہ عملی جدوجہد کی۔نتائج اور اندرونی وبیرونی پاکستان دشمن قوتوں اور اسٹیبلشمنٹ کی دشمنی کی پرواکئے بغیر پاکستان کی تمام اقوام کو ایم کیوایم میں شامل کر کے ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا۔جس پر تمام نادیدہ سازشی قوتیں قائد تحریک جناب الطاف حسین ،ایم کیوایم اور حق پرست مظلوم ومحکوم عوام کے دشمن بن گئے اور انہیں صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے یک نکاتی پروگرام پر کام شروع کر دیا،قائد تحریک جناب الطاف حسین مظلوم ومحکوم بلوچ، پشتون، پنجابی، سرائیکی، ہزارہ، گلگتی اور کشمیری عوام کیلئے مسیحا اور سایہ دار درخت ہیں ان کے سایہ تلے ایم کیوایم کا پودا جوان ہو چکا ہے، جو اپنا نظریہ، منشور، آئیڈیالوجی اور سیاسی فکر وفلسفہ رکھتا اور سیاست کی بجائے بلاامتیاز رنگ ونسل و مذہب دکھی انسانیت کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی کی جانب سے انقلاب کی بات کرنے پر ناصرف حق پرستی بلکہ ایم کیوایم اور انقلاب کو روکنے کیلئے سازشیں کی جارہی ہیں اور سازشی عناصر اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں اور بوکھلاہٹ کا شکار ہیں،تاریخ گواہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ ملک میں درپیش مسائل خصوصاً مسئلہ بلوچستان اور بلوچ قوم کے حقوق کے لیے سب سے پہلے نہ صرف آواز بلندی کی بلکہ ہمیشہ دلیرانہ دوٹوک موقف اختیار کیا۔ایم کیوایم میں کوئی جاگیردار نہیں ہے اسی لیے ایم کیوایم کیخلاف سازشیں کی جارہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنماء اور ایم کیوایم واحد نظریاتی تحریک ہے جس نے مظلوم ومحکوم عوام میں نیا شعور، آگاہی، فکر وسوچ بیدار کی ہے۔یہی ملک کو بچانے اور مظلوم ومحکوم عوام کو انکے پاؤں پر کھڑا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کیے ہیں۔ان کی حق پرستانہ جدوجہد اور فکر وفلسفہ سچائی پر مبنی ہے،اس بناء پر ہم اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت غیر مشروط طور پر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں قوم پرستی اور مفاد پرستی کی سیاست کو ختم کریں گے۔کرپٹ سیاسی کلچر کو ختم کر کے سیاست کو عبادت میں بدلیں گے آج سے ہماری تمام جدوجہد مظلوم ومحکوم عوام کیلئے ہوگی اور حق پرستانہ سفر میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ چلیں گے۔

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔11،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم معمار سیکٹر یونٹ ایوب گوٹھ کے کارکن راؤ اقبال کے والد واجد علی، ٹنڈو الہیار زون یونٹ گوٹھ ٹھارو لغاری کے ورکنگ کمیٹی کے انچارج قادر بخش لغاری کی والدہ محترمہ جنت بیگم، کورنگی سیکٹر یونٹ 3 کے کمیٹی ممبر ندیم احسان کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم، ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محمد اسماعیل کی والدہ محترمہ نذیر النساء بیگم، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن عابد نثار کی بھابھی محترمہ نادیہ بیگم اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن محمد یوسف کی ہمشیرہ محترمہ ریحانہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## گلبہار کالونی کی سینیٹری مارکیٹ میں بھتہ مافیا کی جانب سے تاجر کے اغواء کی کوشش اور دکانداروں سے جبری بھتہ وصولی نوٹس لیا جائے ،حق پرست اراکینِ سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔11/اکتوبر2010ء

حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گلبہار میں جرائم پیشہ بھتہ مافیا کی جانب سے سینیٹری مارکیٹ میں تاجر کے اغواء کی کوشش اور دکانداروں سے جبری بھتے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بھتہ مافیا سے تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ کراچی کے علاقے گلبہار میں تاجروں کی جانب سے احتجاجاً کاروبار بند کرنے اور تحفظ کی فراہمی کا مطالبہ پولیس وانتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ۔جس سے شہریوں میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایک مذموم سازش کے تحت دیگر علاقوں سے آنے والے جرائم پیشہ غنڈہ عناصر سیاسی جماعتوں کی سرپرستی حاصل کرکے کراچی کی تجارتی سرگرمیوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں جن میں اغواء برائے تاوان ، بھتہ وصولی ،ڈکیتی اور خون ریزی جیسے مذموم اقدامات شامل ہیں اور گلبہار میں تاجروں کو ہراساں کرنے کا واقعہ بھی اس کی کڑی ہے جس کا مقصد کراچی کو نقصان پہنچانا ہے،انہوں نے کہا کہ بھتہ مافیا کبھی پرچی اور کبھی فون کے ذریعے ان سے بھاری رقوم کا تقاضہ کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ گلبہار کالونی میں بھتہ مافیا کو تاجروں کی جانب سے انکار پر تاجروں کے اغواء جیسے اقدامات کررہے ہیں جس کے باعث تاجر برادری میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور وہ احتجاج پر مجبور ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب بھتہ مافیا کراچی کے تاجروں کو اغواء کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب پولیس وانتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ گلبہار کالونی میں سینیٹری تاجر کے اغواء کی کوششوں اور دکانداروں کو بھتے کے نام ہراساں کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور تاجروں کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں ۔

☆☆☆☆☆